## سوال

(646)شک کی بنا پر حرمت رضاعت کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے دوسری عورت کو اپنا بچہ پکڑایا جبکہ وہ دونوں حمام میں تھیں تو جس عورت نے بچہ پکڑا اس کو یہ پتا نہیں چلا کہ کب اس بچے نے اس کا پستان منہ میں ڈال لیا۔ لہذا اس نے فوراً اپنا پستان بچے کے منہ سے کھینچ لیا اور اس کو یہ معلوم نہیں کہ اس دوران بچے نے دودھ پیا ہے یا نہیں؟ کیا مذکورہ بچے کے لیے مذکورہ عورت کی بیٹیوں سے شادی کرنا حرام ہوگا یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سے مذکورہ بچے پر اس عورت کی اولاد میں سے کسی سے شادی کرنا حرام نہیں ہوگا کیونکہ وہ اس کی رضاعی ماں نہیں ہے اور نہ ہی آئمہ اربعہ میں سے کسی کے نزدیک شک کے ساتھ حرمت ثابت ہوتی ہے واللہ اعلم (ابن تیمیہ رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

**صفحہ نمبر 576**

محدث فتویٰ